نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پاکستان ہارٹی ایکسپو 2022 کے انعقاد سے زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ ملکی وغیر ملکی صنعتکاروں،امپورٹرز،ایکسپورٹرز اور کاشتکاروں کا غیر معمولی دلچسپی کا اظہار

لاہور 17 جنوری 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دوروزہ "پاکستان ہارٹی ایکسپو 2022" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔اس ضمن میں **29** اور **30** جنوری کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔امسال پاکستان ہارٹی ایکسپو میں روس، تاجکستان، ازبکستان، بیلا روس، قازقستان، سعودی عرب، دوبئی، قطر، بحرین، سری لنکا، انڈونیشیا، ملائیشیا اور ترکی سے ماہرین، ایکسپوٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز شریک ہوں گے۔اس نمائش کے ذریعے 5 ملین ڈالر کے ایم او یو پر دستخط ہونے کی توقع ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی تین نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 15 ممالک سے 100 وفود نے شرکت کی اوران نمائشوں کے ذریعے 15 ایم او یوز اور پاکستانی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان ہارٹی ایکسپو 2022 کے انعقاد سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا۔ پاکستان ہارٹی ایکسپو کے انعقاد سے انعقاد سے ملکی ہارٹیکلچر کراپس اوران کی مصنوعات کو دنیا بھر میں نئی منڈیاں ملنے کے امکانات روشن ہوں گے جس سے ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا ۔اس نمائش کے انعقاد کے حوالے سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ ملکی و غیر ملکی صنعتکاروں، امپورٹرز، ایکسپورٹرز اور کاشتکاروں نے غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆